© rasailojaraid.com



روف تہجی کی ترتیب کے اعتبار سے ہے۔

**علم خانہ داری** از محمودہ صاحبہ صدیقی۔ تقطیع خورد ضخامت ۱۴۸ صفحات۔ کتابت طباعت عمدہ۔ قیمت عہ۔ پتہ۔ ادارہ ادبیات حیدرآباد دکن۔

اس کتاب میں لائق مؤلفہ نے ان ضروری معلومات کو یکجا کر دیا ہے جن کا علم خانہ داری کیلئے ازبس ضروری ہے چنانچہ جسم کی ساخت اور اس کے افعال۔ پھر مختلف اعضا اور ان کے افعال، عضلات اور اعصاب، جسمانی حفظ صحت، لباس، غذا وغیرہ کا انتظام، گھر کی نگہداشت، صفائی اور ستھرائی عام وقتی امراض۔ اور ان کی روک تھام۔ یہ اور اُن کے علاوہ دوسری چیزیں جو خانہ داری سے تعلق رکھتی ہیں۔ بہت صاف اور سلجھی ہوئی زبان میں لکھی گئی ہیں کتاب لائقِ مطالعہ ہی نہیں بلکہ اس قابل ہے کہ اس کا ایک ایک نسخہ ہر گھر میں رہے۔

**ہندوستانی کھیل** از خواجہ الطاف علی صاحب۔ تقطیع خورد ضخامت ۷۶ صفحات۔ کتابت و طباعت بہتر قیمت مجلد عہ پتہ:۔ مکتبہ جامعہ دہلی۔ نئی دہلی۔ لکھنؤ و لاہور۔

اس کتاب میں ہندوستانی کھیلوں کی ترکیب، ان کی اصطلاحات اور فوائد سہل اور آسان زبان میں بیان کئے گئے ہیں۔ شروع میں تربیتِ جسمانی پر ایک مفید مقدمہ ہے۔ پھر کھیل زیادہ تر وہی ہیں جو ۷ سے ۱۴ سال کی عمر تک بچے کھیل سکتے ہیں اور پھر لطف یہ ہے کہ انگریزی کھیلوں کی طرح ان میں کچھ ایسا زیادہ صرف بھی نہیں کرنا پڑتا ہے۔ کتاب بہت دلچسپ اور مفید ہے اور اپنے موضوع کے لحاظ سے اردو زبان میں ایک نئی چیز ہے۔

**نانسیت** از شاہد حسین صاحب رزاقی ایم اے۔ تقطیع خورد ضخامت ۱۴۷ صفحات کتابت و طباعت عمدہ قیمت مجلد عہ پتہ:۔ مکتبہ جامعہ دہلی، نئی دہلی، لاہور، لکھنؤ، بمبئی۔

رزاقی صاحب نے اس کتاب میں تحریک نانسیت یا ناززم کا وجود اور ارتقا اور اس کا تاریخی پس منظر



© rasailojaraid.com